# 15-10-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ قومی سلامتی کو سیاست سے بالاتر رکھنا چاہیے۔
انہوں نے آج وقار آباد ضلع کے جنگلاتی علاقے دما گنڈم میں وی ایل ایف ریڈار اسٹیشن کا سنگ بنیاد رکھا۔

......ریاستی حکومت ریاست میں دو ہزار افراد کی فورس کے ساتھ تلنگانہ اسٹیٹ ڈیزاسسٹر ریسپانس فورس کی تشکیل کے لئے اقدامات کا آغاز کیا۔

......مرکز نے ضلع نلگنڈہ میں نکریکل سے ناگرجنا ساگر کو جوڑنے والے چودہ کلومیٹر طویل چار لین ۔ بائی پاس روڈ کی تعمیر کے لئے پانچ سو سولہ کروڑ روپئے کی منظوری دے دی ہے۔

......وزیر اعظم نریندر مودی نے آرٹیفیشل انٹیلجنس مصنوعی ذہانت کے اخلاقی استعمال پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی سلامتی۔ وقار اور مساوات پر بات چیت کو اہمیت دی جانی چاہیے۔

VLF

مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ضلع وقار آباد کے جنگلاتی علاقے دما گنڈم میں بہت ہی کم فریکونسی والے وی ایل ایف ریڈار اسٹیشن کا سنگ بنیاد رکھا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا کہ قومی سلامتی کو سیاست سے جوڑ کر نہیں دیکھا جانا چاہیے اور ریڈار اسٹیشن کے قیام کی حمایت کے لئے ریاستی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ حیدرآباد دفاعی ساز وسامان کی تیاری میں اپنی ایک ممتاز شناخت رکھتا ہے۔انہوں نے اس موقع پر کہا کہ یہاں کا ریڈار اسٹیشن قومی سلامتی کے لئے اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ملک کے دفاعی نظام کو جدید ٹکنالوجی سے لیس کرتے ہوئے ترقی دینے کی ضرورت ہے۔اور قومی سلامتی کے معاملے پر کسی بھی طرح کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔مرکزی وزیر نے مقامی عوام کو تیقن دیا کہ وی ایل ایف ریڈار اسٹیشن سے مقامی عوام پر کوئی منفی اثر نہیں پڑے گا۔ بلکہ اس سے یہاں اقتصادی مواقع اور ملازمتیں پیدا ہوں گی۔اور خطے کو با اختیار مقام حاصل ہوگا۔اس موقع پر وزیر اعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے قومی دفاعی نظام میں ریاست کی شراکت کے ذریعہ اہم کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔چیف منسٹر نے کہا کہ حیدرآباد شروع سے ہی دفاعی نظام کا حب رہا ہے۔ چیف منسٹر نے وی ایل ایف پراجکٹ کے حوالے سے بعض گروپوں کی طرف سے اٹھائے گئے خدشات کو مسترد کرتے ہوئے غلط فہمی کو دور کیا۔ اس سے قبل چیف آف دی نیول اسٹاف اڈمیرل دنیش کمار ترپاٹھی نے پراجکٹ کی اسٹریٹیجک اہمیت پر روشنی ڈالی۔اور اسے بحریہ اور قوم کے لئے اہم قرار دیا۔

KISHAN

مرکزی وزیر کوئلہ اور کانیں اور بی جے پی کے ریاستی صدر جی کشن ریڈی نے کہا کہ وقارآباد ضلع کے دماگنڈم جنگلاتی علاقے میں بہت کم فریکونسی کے وی ایل ایف ریڈار اسٹیشن پائے جاتے ہیں۔ جو تلنگانہ کے لئے بہتر ثابت ہورہے ہیں۔ وہ آج پارٹی کے ریاستی صدر دفتر میں میڈیا سے مخاطب تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ریڈار اسٹیشنس اپنی نوعیت کا دوسرا اسٹیشن ہے جو تاملناڈو ریڈار اسٹیشن میں آئی این ایس کے کاٹابومن کے بعد دوسرا اسٹیشن ہے۔ یہ اسٹیشن بحری مواصلات میں مدد کرے گا۔ خاص طور پر جنگ کے موقع پر بحری جہازوں اور آبدزوں کے ساتھ کام کاج میں تعاون کرے گا۔ اس موقع پر انہوں نے بی آر ایس پارٹی اور اس کے قائدین پر اس منصوبے کے حوالے سے مبینہ دوہرے معیارات پر تنقید کی۔ اور کہا کہ سابقہ حکومت نے قومی دفاعی اقدامات کی مخالفت کی اور صرف سیاسی کھیل میں مصروف رہے۔

DRF

ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے سینئر عہدیداروں کے ساتھ اہم اجلاس منعقد کیا اور ریاست میں تلنگانہ اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کی تشکیل کی تجاویز پر تبادلہ خیال کیا۔ چیف منسٹر نے تلنگانہ اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس کی تشکیل دینے کی ہدایت دی۔ جس میں فائر ڈپارٹمنٹ کی دس ٹیمیں اور تلنگانہ اسپیشل پولیس بٹالین کی دس کمپنیوں کا استعمال کیا جائے گا۔ اور تقریباً دو ہزار نو جوانوں پر مشتمل ایک مضبوط فورس تیار کی جائے گی۔ اجلاس میں ڈی جی پی ڈاکٹر جتیندر۔ اسپیشل چیف سکریٹری ڈیزاسٹر مینجمنٹ اروند کمار۔ اور دیگر سینئر اعلی عہدیداروں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیف سکریٹری نے سیلاب۔ آتشزدگی۔ اور دیگر آفات کے دوران پیش آنے والے واقعات سے نمٹنے کے لئے اہلکاروں کو تربیت دینے اور انہیں ہر طرح سے تیار کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ اہلکاروں کے پہلے بیاچ کی تربیت کا آغاز اگلے ماہ کے پہلے ہفتے سے شروع ہونا چاہیے۔ اجلاس میں ریسکیو آپریشن کے لئے درکار گاڑیوں۔ ریسکیو آلات۔ اور دیگر ضروری آلات کی خریداری پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی جی فائر سرویس ناگی ریڈی بھی موجود تھے۔

GURUKULS

ریاستی بی سی کے فلاح و بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے ضلع کلکٹرس کو ہدایت دی ہے کہ وہ کرائے کی ادائیگی میں تاخیر کے خلاف احتجاج میں مختلف مقامات پر گروکلوں کے گیٹ بند کرنے والوں کے خلاف کاروائی شروع کریں۔ بتایا جاتا ہے کہ دسہرہ تعطیلات کے بعد جب دوبارہ گروکل اسکول شروع ہوئے تو کچھ جگہوں پر عمارت کے مالکان نے حکومت سے کرایہ کے بقایاجات رقم ادا کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے گیٹ پر تالا لگادیا۔ وزیر نے آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ چند گروکل عمارتوں کے مالکان کی غلطی پائی جاتی ہے انہوں نے ضلع کلکٹرس کو ہدایت دی کہ وہ گروکل اسکولس کی عمارت کے مالکین کے خلاف کاروائی شروع کرے۔ انہوں نے کہا کہ کرایہ واجب الادا ضرور ہیں لیکن دس ماہ کے کرایہ جات باقی نہیں ہیں۔

SEETHAKKA

ریاستی پنچایت راج اور دیہی ترقیاتی وزیر دانا ساری انوسویا سیتااکا نے آج گاندھی بھون میں فیس ٹو فیس پروگرام میں شرکت کی۔ جس میں

عوام اور کانگریس کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔اس موقع پر انہوں نے عوامی شکایات کو سنا اور اس کی یکسوئی کی۔ پروگرام کے دوران عوام نے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔جن میں اراضی کے تنازعات ۔ نئے آنگن واڑی کے مراکز کا قیام۔اندراماں کمیٹیوں میں کانگریس کارکنان کے لئے مواقع۔اور خالی سرکاری عہدوں کو پر کرنا بھی شامل ہے۔کچھ شرکاء نے بدعنوانی کے الزامات کے تحت سرکاری افسران کو معطل کرنے اور ان کے خلاف کاروائی کا بھی مطالبہ کیا۔وزیر سیتا اکا نے متعلقہ ضلع کلکٹرس اور سینئر عہدیداروں کے ساتھ فون پر رابطہ کیا۔اور عوامی شکایات کو جلد از جلد حل کرنے کی ہدایت جاری کی۔

GADKARI

مرکز نے نیشنل ہائی وے 565 کے ساتھ 14 کلومیٹر طویل چار لین۔بائی پاس۔سڑک کی تعمیر کے لئے 516 کروڑ روپے کی منظوری دی۔جو نکریکل کو نلگنڈہ ضلع کے ناگرجنا ساگر سے جوڑے گی۔نئ بائی پاس راستے کو خاص طور پر نلگنڈہ ٹاون میں بھاری ٹریفک کے پیش نظر ڈیزائن کیا گیا ہے۔مرکزی وزیر برائے روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز نتین گڈکری نے بتایا کہ یہ پراجکٹ نہ صرف سڑک کی حفاظت میں اضافہ کرے گا بلکہ نکریکل اور ناگرجنا ساگر کے درمیان آمد و رفت کی سہولت بھی فراہم کرے گا۔ واضح رہے کہ نیشنل ہائی وے 565 ریاست آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے درمیان ایک اہم رابطے کے طور پر کام کرتی ہے۔اور یہ سڑک نلگنڈہ ۔ماچرلہ۔ایرگونڈہ پالم۔اور کانیگری سے گزرتی ہے۔اس بائی پاس کی تعمیر سے ان مقامات کے رابطے میں سہولت ہوگی۔ ریاستی وزیر برائے سڑکیں اور عمارتیں کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے فنڈس جاری کرنے پر اظہار تشکر کیا۔

PM TELECOM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آرٹیفیشل انٹلیجنس مصنوعی ذہانت کے اخلاقی استعمال پر زور دیتے ہوئے ملک کی سلامتی۔وقار۔اور مساوات پر بات چیت کی اہمیت پر زور دیا۔وزیر اعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ڈیجیٹل ٹکنالوجی کے لئے عالمی فریم ورک کے قیام کی اہمیت اور ضرورت ہے۔وزیر اعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یہ موضوع ہندوستان نے اپنی جی ٹوئنٹی صدرات کے دوران بھی اٹھایا۔اور عالمی اداروں پر زور دیا کہ اس کی اہمیت کو تسلیم کریں۔آج صبح نئ دہلی کے بھارت منڈپم میں بین الاقوامی ٹیلی کمونیکشن ۔آئی ٹی یو۔اور ورلڈ ٹیلی کمیونکیشن اسٹانڈارائزیشن اسمبلی ۔ڈبلیوٹی ایس اے۔ 2024 کا افتتاح انجام دیا۔وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان ٹیلی کام اور متعلقہ ٹکنالوجی کے لحاظ سے دنیا کے سب سے زیادہ متحرک مما لک میں سے ایک بن چکا ہے۔اور انہوں نے اس موقع پر مزید کہا کہ دنیا کے چالیس فیصد سے زیادہ رئیل ٹائم ڈیجیٹل ٹارنزیکشن ۔ملک میں انجام پاتے ہیں۔

KALAM

آج سابق صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کا یوم پیدائش ہے۔اے پی جے عبدالکلام آج ہی کے دن 1931 کو ٹاملناڈو کے رامیشورم میں پیدا ہوئے تھے۔میزائیل مین کے نام سے معروف ڈاکٹر ابولفیقر زین العابدین ۔عبدالکلام انرونا ٹکیکل انجینئر نگ میں مہارات حاصل کی۔اور ملک کی پہلی دیسی ساختہ سٹلائٹ لانچ وہیکل تیار کرنے کے پراجکٹ ڈائریکٹر کے طور پر گراں قدر خدمات انجام

دیں۔ وہ اسرو کے لانچ وہیکل پروگرام بطورخاص پی ایس ایل وی کی ترقی کیلئے اپنی خدمات پیش کیں۔ انہوں نے پدما بھوشن، پدما وبھوشن۔ اور ملک کے اعلی ترین اعزام بھارت رتن سے نوازا گیا تھا۔ سال دو ہزار دو میں وہ ملک کے گیارھویں صدر جمہوریہ بنے۔ چیف منسٹر تلنگانہ ریونت ریڈی نے جوبلی ہلز حیدرآباد میں واقع اپنی قیامگاہ پر عبدالکلام کی تصویر پر پھول نچھاور کرکے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالکلام کا کردار ملک کے نوجوانوں کے لئے ایک تحریک ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو عبدالکلام کے خوابوں کو آگے بڑھانے اور ملک کی ترقی میں اپنا حصہ پیش کرنے کے لئے ترغیب دی۔

STRIKE

تلنگانہ جونیئر ڈاکٹرس اسوسی ایشن۔ ٹی جے یو ڈی اے۔ اور انڈین میڈیکل اسوسیایشن کے اراکین نے آج آر جی کر جونیئر ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل واقعہ کی متاثرہ سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے بارہ گھنٹے کا انشن لیا۔ ٹی جے یو ڈی اے نے مرکزی اور ریاستی حکومتوں سے اس معاملے میں

مداخلت کرتے ہوئے جلد از جلد فیصلہ کن کاروائی کرنے کی اپیل کی۔

WEATHER

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ 17 سے 19 اکتوبر تک تلنگانہ میں بعض مقامات پر 30-40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار کے ساتھ تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش آنے کا امکان ہے۔ موسمی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ریاست کے بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ آئندہ پانچ دنوں کے دوران تلنگانہ میں چند مقامات پر یا بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط یا پھر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ ریاست میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق رہا ہے۔